# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 23 January-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۳/جنوری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ قومی صحت مشن کی معیاد میں 2026 تک توسیع کرنے کا مرکزی کابینہ کا فیصلہ۔

☆ داووس میں مہاراشٹر کیلئے 15 لاکھ 70 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کیلئے مفاہمتی معاہدے، تقریباً 16 لاکھ روزگار پیدا ہوں گے۔

☆ انتخابی کام کاج کی بہترین انجام دہی پر مہاراشٹر کو مرکزی انتخابی کمیشن کے ایوارڈز کا اعلان۔

☆ جلگاؤں میں پیش آئے ٹرین حادثے میں 12 مسافرین کی موت۔

☆ واٹر گرڈ منصوبے کے ذریعے مراٹھواڑہ کو وافر مقدار میں پانی دستیاب ہوگا، ریاستی وزیر گلاب راؤ پاٹل کا تیقن۔

اور۔۔۔☆ ''بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ'' منصوبے کی دسویں سالگرہ کے موقع پر مختلف سرگرمیوں کا اہتمام۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

مرکزی کابینہ نے قومی صحت مشن کی معیاد میں آئندہ 2026 تک توسیع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ کل نئی دہلی میں مجلسِ وزرا کے اجلاس کے بعد مرکزی صنعت اور کامرس کے وزیر پیوش گوئل نے یہ جانکاری دی۔ گوئل نے بتایا کہ مالی سال 24-2023 میں، اس مہم کے تحت، ملک میں آیوشمان صحت مراکز کی تعداد ایک لاکھ 72 ہزار تک پہنچ گئی ہے، جبکہ حکومت کی ڈائیلیسز مہم سے ساڑھے چار لاکھ مریضوں نے استفادہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا...

*''نیشنل ہیلتھ مشن کے دُوارا جس پرکار کے اِتہاسک ٹارگیٹس کو مِٹ کرنے کا کام گت وَس وَرشوں میں مانئیے پردھان منتری جی کے نیتر تو میں ہوا ہے لگ بھگ 12 لاکھ ہیلتھ کیئرس کے ورکرس 22-2021 کے بیچ میں نیشنل ہیلتھ مشن کے ساتھ جڑے۔ دو سو 20 کروڑ سے اَدھک کووِڈ-19 کے ویکسین ڈوسیز دیش بھر میں دیئے گئے۔ 24-2023 تک ایک لاکھ 72 ہزار آیوشمان آروگیہ مندر سینٹرس کھل چکے ہیں۔''*

مرکزی کابینہ نے کل اجلاس میں 26-2025 کے مارکیٹنگ ہنگام کیلئے خام دھاگے کی کم از کم ضمانتی نرخ میں میں 315 روپے فی کوئنٹل کا اضافہ کرنے کا فیصلہ بھی کیا۔ اس فیصلے کے بعد، رواں مالی سال میں خام دھاگے کو کم از کم ضمانتی قیمت پانچ ہزار 650 روپے فی کوئنٹل ملے گی۔

***** ***** *****

سوئٹزرلینڈ کے داووس، میں جاری عالمی سرمایہ کاری کانفرنس میں، ریاستی حکومت نے ریلائنس صنعتی گروپ کے ساتھ تین لاکھ کروڑ کے ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے بتایا کہ اس معاہدے کے ذریعے تقریباً تین لاکھ روزگار کے مواقع دستیاب ہوں گے۔ وزیرِ اعلیٰ نے مزید کہا کہ یہ تین لاکھ پانچ ہزار کروڑ روپے کا MOU ہے اور اس ایم او یو کے ذریعے ریلائنس انڈسٹری مہاراشٹر میں مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کر رہی ہے۔

دریں اثنا، اس سرمایہ کاری کانفرنس میں کل دوسرے دن تک مہاراشٹر میں 15 لاکھ 70 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کے 54 مفاہمت ناموں پر دستخط کیے گئے ہیں اور اس سے تقریباً 16 لاکھ ملازمتوں کے مواقع میسر ہوں گے۔

***** ***** *****

ریاستی وزیرِ صنعت اُدئے سامنت نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت میتری قانون کو مزید مضبوط بنانے کیلئے ایک خصوصی پورٹل تیار کر رہی ہے۔ وہ داووس میں گزشتہ روز صحافیوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ اس پورٹل کے بارے میں مزید معلومات دیتے ہوئے، سامنت نے بتایا کہ اس پورٹل کی شروعات کے بعد، صنعتکاروں کو کم سے کم وقت میں تمام دستاویزات حاصل ہوسکیں گے۔ انھوں نے کہا کہ یہ ملک کا پہلا پورٹل ہے جس پر درخواست دہی کا طریقۂ کار اور درخواست دہی سے متعلق معلومات واضح ہوسکے گی اور آئندہ آٹھ دنوں میں اسے ریاست میں فعال کیا جائے گا۔ وزیرِ صنعت نے بتایا کہ متعدد صنعتکاروں کی جانب سے اس کا خیر مقدم کیا جا رہا ہے۔

***** ***** *****

انتخابات کے دوران فرائض کی بہترین انجام دہی پر مرکزی انتخابی کمیشن کے ایوارڈز کا اعلان کل کیا گیا۔ اس سال کے ایوارڈ کیلئے مہاراشٹر، جموں وکشمیر اور جھارکھنڈ ریاستوں کے انتخابی کمیشن کا انتخاب کیا گیا ہے۔ اس میں چھترپتی سمبھاجی نگر کے ڈویژنل کمشنر دلیپ گاوڑے اور ضلع کلکٹر دلیپ سوامی کو پوسٹل بیلیٹ کی ترسیل کے عمل کی بہترین منصوبہ بندی کیلئے اور سلوڑ کے سب ڈویژنل افسر لطیف پٹھان کو بہترین انتخابی فیصلہ افسر کے طور پر ایوارڈ کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔ لاتور کی ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھگے کو بہترین انتخابی فیصلہ افسر کے اعزاز سے نوازا جائے گا۔ جبکہ دورانِ انتخابات خبروں کی بہترین ترسیل کے ایوارڈ کیلئے اس وقت کے اطلاعات ونشریات ڈائریکٹوریٹ اور رابطۂ عامہ کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر راہل تڑکے اور ڈپٹی ڈائریکٹر دیانند کامبلے کا انتخاب کیا گیا ہے۔ یہ ایوارڈز قومی یومِ رائے دہندگان کے موقع پر آئندہ سنیچر کو نئی دہلی میں تفویض کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

جلگاؤں ضلع میں کل ریلوے گاڑی کے ایک حادثے میں 12 مسافرین کی موت ہوگئی۔ ممبئی جانے والی پشپک ایکسپریس میں آتشزدگی کی افواہ پھیلنے کے بعد کئی مسافرین نے چلتی ٹرین سے چھلانگ لگادی اور اسی دوران مخالف سمت سے آنے والی کرناٹک ایکسپریس کی زد میں آکر 11 مسافر زخمی ہو گئے۔ یہ حادثہ کل دوپہر جلگاؤں اور پاچورہ کے درمیان پردھاڑے ریلوے اسٹیشن کے قریب پیش آیا۔ ریاستی وزیر برائے انسدادِ آفات گریش مہاجن نے جائے حادثے پر پہنچ کر راحت رسانی کے کاموں کا جائزہ لیا۔

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اس حادثے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ریاستی حکومت کی جانب سے مہلوکین کے ورثاء کو پانچ لاکھ روپے معاوضہ دینے اور زخمیوں کا مفت علاج کرنے کا اعلان کیا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ نے بتایا کہ اس سلسلے میں سبھی ضروری احکامات جاری کردیئے گئے ہیں۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے بھی حادثے پر تاسف کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کو ضروری مدد فراہم کرنے کی ہدایت انتظامیہ کو دی ہے۔

***** ***** *****

کولہاپور کی امبابائی، تلجاپور کی تلجا بھوانی اور ماہور کی رینوکا دیوی جیسے تین شکتی پیٹھوں کو جوڑنے والی ناگپور تا گوا ایکسپریس وے کیلئے اراضی تحویل میں لینے کے کاموں میں تیزی آگئی ہے۔ خبر رساں ادارے کے مطابق مہاراشٹر ریاستی شاہراہ ترقیاتی کارپوریشن کی جانب سے ماحولیاتی اجازت ناموں کے حصول کا آغاز ہونے کے بعد مراٹھواڑہ کے کچھ اضلاع میں زمین کے حصول کا عمل شروع کردیا گیا ہے۔

***** ***** *****

پانی فراہمی اور صفائی محکمہ کے وزیر گلاب راؤ پاٹل نے کہا ہے کہ مراٹھواڑہ واٹر گرِڈ منصوبے کے ذریعے مراٹھواڑہ کو طویل مدت تک پائیدار پانی دستیاب ہوگا۔ وہ گزشتہ روز عالمی بینک کے نمائندوں کے ساتھ منترالیہ میں منعقدہ جائزاتی اجلاس میں اس منصوبے کے بارے میں بات چیت کر رہے تھے۔ پاٹل نے کہا کہ اس منصوبے کے تحت مراٹھواڑہ کے 11 بڑے آبی ذخائر کو پائپ لائن کے ذریعے جوڑ کر تمام شہروں اور دیہاتوں کو پینے کا پانی فراہم کیا جائے گا۔

***** ***** *****

سنتوش دیشمکھ قتل معاملے کے تحت گرفتار ملزم والمک کراڑ کو بیڑ ضلع عدالت نے 14 دِنوں کی عدالتی حراست سنائی ہے۔ اس سے قبل کی پولس حراست کی مدت ختم ہونے پر کراڑ کو کل ضلع عدالت میں پیش کیا گیا۔ اس وقت خصوصی سیشن جج یہ فیصلہ سنایا۔

***** ***** *****

جالنہ کی معروف یوگا استاد سنگیتا لاہوٹی کے قتل معاملے میں ان کے ملازم بھیم راؤ دھاڑے کو ضلع سیشن جج ورشا موہیتے نے عمر قید و جرمانہ کی سزا سنائی ہے۔ 14 دسمبر 2021 کو لاہوٹی کا ان کے رہائشی مکان میں قتل ہو گیا تھا۔

***** ***** *****

''بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ'' منصوبے کا دسواں یومِ تاسیس کل ہر طرف مختلف پروگراموں کے ذریعے منایا گیا۔ ہر علاقے میں خواتین کی شرکت مردوں کے برابر ہو تبھی ملک صحیح معنوں میں ترقی کرے گا۔ اس طرح کا اظہارِ خیال چھترپتی سمبھاجی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے کیا ہے۔ ضلع منصوبہ بندی کمیٹی ہال میں منعقدہ پروگرام سے وہ مخاطب تھے۔ انھوں نے ضلع میں لڑکیوں کی شرحِ پیدائش میں کمی پر تشویش کا اظہار بھی کیا۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت کے ''ایگری اِسٹک'' ڈیجیٹل مہم کے تحت دھاراشیو ضلع کے کسانوں سے اندراج کر کے کسان شناختی نمبر 15 فروری تک حاصل کرنے کی اپیل ضلع کلکٹر سچن اومباسے نے کی ہے۔ اس کیلئے گاؤں گاؤں میں کیمپ منعقد کرنے کے احکامات انھوں نے متعلقہ حکام کو دیئے ہیں۔

***** ***** *****

کولکاتہ میں کھیلے گئے پہلے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ مقابلے میں کل بھارت نے انگلینڈ کو سات وِکٹوں سے شکست دے دی۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے انگلینڈ کی ٹیم کے دیئے گئے 133 رنوں کے ہدف کو بھارت نے 13 ویں اوور میں عبور کر لیا۔ پانچ مقابلوں کی سیریز کا دوسرا مقابلہ آئندہ سنیچر کو چنئی میں کھیلا جائے گا۔

دریں اثنا' خواتین کی کرکٹ میں 19 سال سے کم عمر کے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ مقابلے میں بھارت کا مقابلہ آج سری لنکا سے ہوگا۔

***** ***** *****

ریاستی سطح کے گراف لنگ اسکولی کشتی مقابلوں میں دھاراشیو کی خاتون کھلاڑی پورنیما گھرماٹے نے سونے کا تمغہ جیتا۔ اس فتح کے بعد پورنیما کا 19 سال سے کم عمر کے زمرے کے قومی کھیلوں میں کشتی مقابلوں کیلئے انتخاب عمل میں آیا ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع کھیل ایوارڈز کا کل اعلان کیا گیا۔ کوالیفائیڈ اسپورٹس گائیڈ ایوارڈ کیلئے رتیش جادھو' جبکہ کھوکھو کھلاڑی وجئے شندے اور سمپدا مورے کو کوالیفائیڈ کھلاڑی ایوارڈ کیلئے منتخب کیا گیا۔ یومِ جمہوریہ کو رابطہ وزیر پرتاپ سرنائیک کے ہاتھوں یہ ایوارڈ تقسیم کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ قومی صحت مشن کی میعاد میں 2026 تک توسیع کرنے کا مرکزی کابینہ کا فیصلہ۔

☆ داووس میں مہاراشٹر کیلئے 15 لاکھ 70 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کیلئے مفاہمتی معاہدے، تقریباً 16 لاکھ روزگار پیدا ہوں گے۔

☆ انتخابی کام کاج کی بہترین انجام دہی پر مہاراشٹر کو مرکزی انتخابی کمیشن کے ایوارڈز کا اعلان۔

☆ جلگاؤں میں پیش آئے ٹرین حادثے میں 12 مسافرین کی موت۔

☆ واٹر گرڈ منصوبے کے ذریعے مراٹھواڑہ کو وافر مقدار میں پانی دستیاب ہوگا، ریاستی وزیر گلاب راؤ پاٹل کا تیقن۔

اور۔۔۔☆ ''بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ'' منصوبے کی دسویں سالگرہ کے موقع پر مختلف سرگرمیوں کا اہتمام۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****